Session 16th
No 85
Date 13/1/2016
Department Finance

## تحریک استحقاق

Session
No 03
Date 22-1-2016
Department Finance

جناب سپیکر صاحب

میرا ایک توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 372 جو یکم جولائی 2001 کے بعد بھرتی ہونے والے ملازمین سے جی پی فنڈ کے بجائے سی پی فنڈ کی کٹوتی کی جاتی ہے کہ متعلق تھا جو مورخہ 30/05/2014 کو اسمبلی فلور پر پیش ہوا تھا اس کے جواب میں جناب عنایت اللہ خان صاحب، سینئر وزیر برائے محکمہ لوکل گورنمنٹ نے اسمبلی فلور پر یقین دہانی کروائی تھی کہ اس مسئلے کو جلد از جلد حل کیا جائے گا کیونکہ یہ ملازمین کا جائز حق ہے اور حکومت نے ایک قانون پاس کیا ہوا ہے۔ لہٰذا اس پر عمل کیا جائے گا۔

جناب سپیکر صاحب! انتہائی افسوس کی بات ہے کہ ایک سال سات مہینے گزر چکے ہیں لیکن تا حال حکومت نے کسی قسم کا عمل درآمد نہیں کیا ہے۔ ایک طرف ملازمین میں انتہائی پریشانی پھیل چکی ہے۔ اور دوسری طرف حکومت نے عمل درآمد نہ کر کے میرا بلکہ پورے ہاؤس کا استحقاق مجروح کیا ہے۔ لہٰذا اس پر بات کرنے کی اجازت دی جائے۔

عظمیٰ خان، ایم پی اے

13/1

2-1-11